فوری ریلیز کے لیے: 2023/23/2 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے روس کے یوکرین پر حملے کے ایک سالہ یوم تاسیس کے موقع پر ریاستی عمارتوں کو نیلی اور پیلی روشنی سے منور کرنے کا اعلان***

***ریاست کے 13 مشہور مقامات پر جمعہ 24 فروری کی شام، چراغاں کیا جائے گا***

***ریاست نیو یارک کی کیپیٹل بلڈنگ پر یوکرین کا جھنڈا لہرانے کی ہدایت***

***گورنر کی جانب سے ریاست نیو یارک کی یوکرین کے افراد کی حمایت کا اعادہ***

گورنر Kathy Hochul نے آج کے دن اعلان کیا ہے کہ آج 24 فروری کو یوکرین پر روسی حملے کے ایک سالہ یوم تاسیس کے موقع پر ریاست نیو یارک کے تاریخی مقامات پر نیلے اور پیلے رنگ سے چراغاں کیا جائے گا۔ گورنر نے یوکرین کی عوامی جمہوریہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ریاست نیو یارک کی کیپیٹل بلڈنگ پر یوکرینی جھنڈا لہرانے کی ہدایت بھی کی ہے۔

"ریاست نیو یارک یوکرین کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور اسے امریکہ میں یوکرین کی بڑی کمیونٹی موجود ہونے پر فخر ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری دعائیں اس غیر منصفانہ جنگ کے مظلوموں کے ساتھ ہیں، اور کل ہم یوکرین کا جھنڈا لہرائیں گے اور روسی حملے کے ایک سالہ یوم تاسیس کے موقع پر یوکرین کی حمایت میں ریاستی عمارات پر چراغاں کریں گے۔"

یوکرین پر روسی حملے کے ایک سالہ یوم تاسیس کے موقع پر روشن کی جانے والی تاریخی عمارات میں شامل ہیں:

- گورنر ماریو ایم کیومو برج
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج
- البانی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
- MTA LIRR - Penn سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل
- مائنیہان ٹرین ہال

مارچ 2022 کے اوائل میں، گورنر نے روس کے خلاف پابندیوں کے نفاذ کی خاطر محکمہ برائے مالیاتی خدمات کو تقویت دینے، بشمول اضافی بلاک چین اینالیٹکس ٹیکنالوجی کے فوری حصول کے لیے اقدامات کا اعلان کیا۔ گزشتہ سال، گورنر نے یوکرینی باشندوں کے لیے وسیلہ جات کے ہمراہ اور نیو یارک کے باشندے کس طریقے سے مدد دے سکتے ہیں اس کے سلسلے میں ایک ویب سائٹ کا بھی آغاز کیا۔

ریاستی ایجنسیوں کی جانب سے یوکرین کی عوامی جمہوریہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے جو اقدامات اپنائے گئے ہیں ان کے بارے میں مزید معلومات ذیل میں مل سکتی ہیں:

## دفتر برائے نئے امریکی شہری (Office of New Americans, ONA)

- **ONA پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام کی وساطت سے یوکرینی تارکین وطن کو ملازمت کی تربیت اور کام کے مواقع کے لیے پروفیشنل پاتھ ویز سے مربوط کرتا ہے:**
  -ONA کا پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام اعلیٰ ہنر مند تارکین وطن کو پیشہ ورانہ تربیت اور ملازمت کی کوچنگ فراہم کرتا ہے تاکہ نئے امریکی افراد کو اپنی مہارتوں اور تجربوں سے مماثل ملازمتیں تلاش کرنے میں مدد ملے۔ ONA کے پروفیشنل پاتھ ویز برائے اعلیٰ مہارتی تارکین وطن پروگرام کی سربراہ ایجنسی، Upwardly Global کے مطابق، روزگار کے متلاشی آٹھ یوکرینی باشندوں نے 2022 میں اس آزمائشی پروگرام میں داخلہ لیا اور پیشہ ورانہ تربیت اور ملازمت کی کوچنگ حاصل کی ہے۔ شرکاء میں سے تین اب اس پروگرام کے فارغ التحصیل ہیں اور اپنے شعبوں میں ملازمتیں حاصل کر چکے ہیں – تلاش روزگار میں سرگرداں دو افراد نے HR کے شعبے میں ملازمت حاصل کی (ایک بطور بھرتی کار، اور ایک بطور HR اسسٹنٹ) اور تیسرے فرد نے قانونی شعبے میں ایک دو لسانی قانونی معاون کے طور پر ملازمت حاصل کی ہے۔
  -گزشتہ ہفتے، گورنر Hochul نے تین سالوں کے دوران کمیونٹی پر مبنی فراہم کنندگان کو ریاستی فنڈ کردہ گرانٹس میں 4.38$ ملین فراہم کرنے کے لیے پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام کی توسیع کا اعلان کیا۔

- **ONA ہاٹ لائن نے یوکرینی تارکین وطن سے متعلقہ مسائل میں کئی سو افراد کے استفسارات کے سلسلے میں مدد دی ہے:**
  -ONA ہاٹ لائن کو یوکرین سے متعلقہ استفسارات کے لیے موصول ہونے والی کال کی تعداد: 602
  -تارکین وطن سے متعلقہ سروس کے لیے ریفرلز کی تعداد (نوٹ فرمائیں: ایک کال سے متعدد ریفرلز کیے جا سکتے ہیں): 767
  -ان افراد کی تعداد جن کو معلومات مہیا کی گئی: 239

## دفتر برائے عارضی اور معذوری کی امداد (Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA)

- نومبر میں، گورنر Hochul کی جانب سے اُن یوکرینی باشندوں کی مدد کے لیے 21.4$ ملین سے زائد تفویضات کا اعلان کیا گیا جو روسی فوجی حملے کے نتیجے میں اپنے ملک سے فرار ہو کر ریاست نیو یارک میں عارضی طور پر دوبارہ آباد ہو گئے ہیں۔ ایسے بے گھر یوکرینی افراد جو اب نیویارک میں مقیم ہیں ان کی امداد کے لیے اس فنڈنگ کو ریاست بھر میں پناہ گزینوں کے 17 سروسز فراہم کنندگان استعمال کریں گے۔ جب سے روسیوں نے حملے کا آغاز کیا ہے ایک اندازے کے مطابق 75,000 لوگ یوکرین سے امریکہ آئے ہیں جس میں تقریباً 14,000 افراد نیویارک میں وفاقی حکومت کے یونائٹنگ فار یوکرین پروگرام کی وساطت سے شامل تھے۔

- نیویارک کے 28,000 رہائشیوں نے، کسی بھی دوسری ریاست سے زیادہ، کسی فرد کی کفالت کے لیے رضاکارانہ طور پر کام کیا ہے۔

**محکمہ برائے مالیاتی خدمات (Department of Financial Services، DFS):**

امریکی قومی سلامتی اور صارفین کے تحفظ کے لیے، DFS نے پہلے یوکرین پر روس کے حملے کے 24 گھنٹے کے اندر رہنمائی جاری کی تھی، جس میں اس بات کا اعادہ کیا کہ باضابطہ اداروں کو روس پر امریکی پابندیوں کے علاوہ ریاست نیو یارک اور وفاقی قوانین اور ضوابط، بشمول ڈیپارٹمنٹ سائبر سیکیورٹی اور ورچوئل کرنسی کے ضوابط کی مکمل تعمیل کرنی چاہیئے۔ DFS نے روس کے خلاف پابندیوں کے نفاذ میں محکمے کی حمایت کے لیے اقدام اپنائے، جن میں اضافی بلاک چین اینالیٹکس ٹیکنالوجی کا فوری حصول شامل ہے۔ یہ ٹولز DFS کے لائسنس یافتہ ورچوئل کرنسی کے کاروباری ادارے کے روسی افراد، بینکوں اور دیگر اُن اداروں کے درمیان انکشافات کا پتہ لگانے کے لیے DFS کی صلاحیت کو تقویت بخشتا ہے جن پر Biden انتظامیہ نے پابندی نافذ کی ہے۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418